۱۴ ۔ جلال کا بادشاہ اےک دعوت کا منتظر ہے

کےا آپ کبھی اس بات پر حےرانگی ہوئی کہ جب اےک شخص "نئے سرے سے پےدا" ہوتا ہے ،تواس وقت حقےقت مےں کےا ہوتا ہے ۔کےا ےہ مسےحی اےمان مےں نئےا جنم ہے ؟

اگر چہ کافی عرصہ پہلے مجھے بھی خدا کے اس عظےم عمل کا تجربہ حاصل ہوا ۔مگر حال ہی مےں مجھے پتہ چلا کہ نئی پےدائش کے وقت حقےقت مےں کےا ہوتا ہے ۔جب ےسوع مسےح زندہ ہوئے تو انہوں نے کہا کہ مےرا باپ آسمان سے اپنے لوگوں کے لئے مددگار بھےجے گا (ےوحنا ۴۱:۴۲)ےعنی وہ قدرت جس کے باعث ےسوع مردوں مےں سے جی اٹھا ۔اب ہر کوئی اس قدرت کو اپنی زندگی مےں حاصل کر سکتا ہے کےونکہ ےہ خدا کا روح ہے اور

جب خدا اس کو ظاہر کرتا ہے تو ہم گھبراکر اس کا انکار کرتے ہےں ۔

وہ جونئے سرے سے پےدا ہونے کا دعوٰی کرتے ہےں وہ خدا کی نسبت ابلےس کے فرزند زےادہ لگتے ہےں ۔اور ےہ چےز مسےحےت کے لئے اےک بہت بڑا نقصان ہے ۔ کےونکہ اس طرح کے لوگ تجربے کے ابتدائی مراحل مےں ہوتے ہےں اس لئے دنےا کی محبت ان پر غالب آجاتی ہے اور وہ مسےح سے دور ہو جاتے ہےں ۔درحقےقت اُن کے دلوں مےں بےج بوےا گےا ہے اگر اس کو مناسب روحانی خوراک دی جائے تو وہ خدا مےں اےک تنا آور درخت بن جاتا ہے ۔

مسےحی بننے سے کےا ہوتا ہے ۔اس حقےقت کو سمجھنا مشکل ہے ۔اس بات پر اےمان لانا مشکل ہے کہ اےک ہی خدا ےعنی باپ بےٹے اور روح القدس کی دلفرےب حضوری ہمارے بدنوں مےں ہوتی ہے ۔روح القدس کے بغےر امن ،سکون اور محبت کا تجربہ حاصل کرنا ناممکن ہے ۔اگر چہ اکثر مسےحی لوگ اس حضوری کو محسوس کرتے ہےں ۔ مگر صرف وہی دن بدن ےسوع کے ساتھ تعلق قائم رکھتے ہےں ۔ ۴۲ زبور مےں لکھا ہے اگر ہم مقدس پہاڑپر خدا کی حضوری مےں داخل ہونا چاہتے ہےں، توپھر ہمےں اپنے دلوں اور ہاتھوں کو صاف کرنا ہو گا ۔ دوسرے لفظوں مےں اُس کے قرےب جانے کے لئے ہمےں اپنے گناہوں بھری زندگی کو راستبازی مےں بدلنا ہو گا ۔

پھر ےہ زبور پڑھےں "جلال کا باشاہ آئے گا"

ےہ جاننا کتنا پر جوش ہے کہ خدا خود جلال کا بادشاہ ہے ۔ پولوس رسول نے وضاحت کی کہ ہمارے بدن مٹی کے برتن ہےں جن مےں خزانہ رکھا گےا ہے ۔(۲۔کرنتھےوں ۴:۷)ےسوع مسےح کے بہت سارے نام اس چےز کو جاننے مےں ہمارے مدد کرتے ہےں۔اُس کی حضوری ہم مےں کےا کر سکتی ہے ۔مثال کے طور پر وہ ہمارے لئے امن کا شہزادہ ۔ چرواہا ،زندگی کا پانی ،اور روٹی ،ہمارا سردار کاہن ، مددگار ،ےہاں تک کہ ہماری راستبازی کا بادشاہ ہے ۔

کےا آپ چاہتے ہےں کہ وہ آپ مےں سکونت کرے ؟اس کا آسان حل ےہ ہے کہ ےسوع مسےح کے سامنے اپنے گناہوں

کا اقرار کریں اور اس سے معافی مانگیں۔ اور پھر اُس کو اپنی زندگی میں آنے کی دعوت دیں یہ کتنا آسان ہے۔ تاہم بہت سے لوگ اس پر ایمان لانے سے انکار کرتے ہیں۔ جلال کا بادشاہ آپ کی دعوت کا منتظر ہے۔